## سوال

(591)آپ ﷺ نے کس کس کی قربانی کی ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

(1) جاموس (بھینسا، کٹا) کی قربانی کے بارے میں حدیث نبوی ﷺ میں کیا حکم ہے ؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں کیا حکم ہے ؟

(2) قَرَّبَ دَجَاجَۃ (بخاری شریف کتاب الجمعہ) کا کیا مطلب ہے کیا یہاں سے قربانی کا استدلال پکڑا جا سکتا ہے ؟

(3) نبی اکرم ﷺ نے کس کس چوپائے کی قربانی کی ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

(1) رسول اللہ ﷺ کی حدیث میں جاموس کی قربانی کا ذکر نہیں ہے ۔

(2) ''قَرَّبَ دَجَاجَۃ'' سے عید الاضحی کے موقع پر کی جانے والی قربانی پر استدلال درست نہیں ۔

(3) جنس اونٹ ، جنس گائے ، جنس بھیڑ اور جنس بکری کی قربانی رسول اللہ ﷺ کی احادیث سے ثابت ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

قربانی اور عقیقہ کے مسائل ج1ص 434

محدث فتویٰ